
# لیو ٹالسٹائی



(1828 – 1910)

ٹالسٹائی کا شمار دنیا کے مشہور ادیبوں میں ہوتا ہے۔ روسی ادب میں بحیثیت ناول نگار ان کا قد بہت بلند ہے۔ ٹالسٹائی روس کے ایک رئیس گھرانے میں پیدا ہوئے۔ تعلیم مکمّل کرنے کے بعد تیئس سال کی عمر میں روسی فوج میں بھرتی ہو گئے اور کریمین جنگ میں حصّہ لیا۔ اسی عرصے میں انھوں نے اپنا پہلا ناول 'بچپن' لکھا جسے ادبی حلقے میں کافی سراہا گیا۔ اس طرح اپنے پہلے ناول سے ٹالسٹائی کا شمار معروف ادیبوں میں ہونے لگا۔ اپنے باغیانہ خیالات کے لیے انھیں عتاب کا شکار بھی ہونا پڑا۔

ٹالسٹائی نے متعدّد ناول، کہانیاں اور ڈرامے لکھے۔ ان کے ناول 'جنگ اور امن' اور 'انّا کرینینا' کو عالمی ادب میں شاہکار کا درجہ حاصل ہے۔ ٹالسٹائی کو روسی سماج اور تہذیب کا مصوّر کہا جاتا ہے۔ انھوں نے روسی معاشرے کے جاگیردارانہ نظام کی تلخ حقیقتوں کو اپنے ناولوں میں بڑی فنکاری کے ساتھ نمایاں کیا ہے۔ ان کے ناول اور کہانیاں حقیقت نگاری کا بہترین نمونہ ہیں۔ ان کی تحریروں میں اصلاحی پہلو نمایاں ہے۔

© NCERT not to be republished

# مشق

## • معنی یاد کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| رَقَم | : | روپے پیسے |
| بقیہ | : | باقی، بچا ہوا |
| زمین دار | : | زمین کا مالک |
| صحن | : | آنگن |
| مُراد بر آنا (محاورہ) | : | تمنّا پوری ہونا، مقصد پورا ہونا |
| تاجر | : | تجارت کرنے والا، بیوپاری |
| مزید | : | زیادہ، اور |
| مویشی | : | وہ پالتو جانور جن سے کھیتی باڑی کے کاموں میں مدد لی جاتی ہے۔ |
| باچھیں کِھلنا (محاورہ) | : | خوش ہو جانا |
| تحائف | : | تحفہ کی جمع |
| اطراف | : | طرف کی جمع |
| رُوبل | : | روسی سکّہ |
| مشرق | : | وہ سمت جدھر سے سورج نکلتا ہے، پورب |
| زرخیز | : | اُپجاؤ، زیادہ فصل پیدا کرنے والی زمین |
| ہَوَس | : | لالچ |

© NCERT not to be republished

